# ماڈل پیپر اُردو گریڈ 8

## عمومی ہدایات

1) طلباء وطالبات سے گزارش ہے کہ معروضی سوالات کے لیے دی گئی کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ (وہ شیٹ جس پر سٹوڈنٹ معروضی سوالات کے صحیح جوابات پرنشان لگاتا ہے) پر **اپنا رول نمبر ہندسوں** میں ضرور لکھیں وگرنہ کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کے نمبر ٹرانسفر نہیں ہوسکیں گے۔

2) تمام سوالات کے جوابات دینا ضروری ہیں۔ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھ لیجیے۔

3) **کسی سٹوڈنٹ کو امتحانی پرچہ کمرہ امتحان سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔**

4) **حصہ الف (معروضی سوالات)** کے لیے کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ میں متعلقہ سوال کے سامنے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کے خانہ میں سیاہ بال پوائنٹ سے نمایاں طور پر یہ نشان ☑ لگائیں۔نشان خانے کے اندر ہی رہنا چاہیئے۔اگر ایک نشان دو خانوں کو چھوئے گا یا ایک سے زیادہ خانوں پر علیحدہ علیحدہ نشان لگے ہوں گے یا دو خانوں کے درمیان نشان لگا ہوگا تو اس صورت میں کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کا صفر نمبر شمار ہوگا۔

5) کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر **انشائیہ طرز کے سوالات** کے سامنے بنے ہوئے خانوں میں **سٹوڈنٹ نے بالکل کچھ نہیں لکھنا نہ کوئی نشان لگانا ہے۔** ٹیچر نمبر لگا کر ان کے مطابق ان خانوں میں خود نشان لگائیں گے۔ معروضی سوال کی مثال درج ذیل ہے۔

مثال: 1۔ فعل کے اعتبار سے زمانے کی اقسام ہیں۔

(a) ایک (b) دو (c) تین (d) چار

جواب دینے کا صحیح طریقہ:

| Q.1 | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|
| | ☐ | ☐ | ☑ | ☐ |

## حصہ الف (کثیر الانتخابی سوالات)

وقت: 1:20 گھنٹہ

**ہدایت:۔ اس حصہ میں 40 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔صحیح جواب کا نشان کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر لگانا ضروری ہے۔**

**سوال نمبر1- نصابی نظم "مقدس امانت" کے شاعر کا نام ہے۔**

(a) جمیل الدین عالی (b) علامہ اقبال (c) مجید لاہوری (d) مولانا حالی

**سوال نمبر2- درج ذیل میں سے درست اِملا والا لفظ منتخب کریں۔**

(a) برائے مہربانی (b) برائی مہربانی (c) براہِ مہربانی (d) بہ راہ مہربانی

**سوال نمبر3- مؤنث کے ناموں کا جوڑا الفاظ ہیں۔**

(a) ترازو،بارود (b) جامن،دوا (c) خط،کُتب (d) گھاس،سرسوں

**سوال نمبر4- مقصد کی جمع ہے۔**

(a) مقصدات (b) مقصود (c) مقاصد (d) مقصودات

**سوال نمبر5- "خوگر" کا مطلب ہے۔**

(a) بنیادی (b) شوقین (c) عادی (d) مشغلہ

**سوال نمبر6- "دار" کا لاحقہ والی فہرست ہے۔**

(a) تھانے دار، فاصلہ دار (b) جاندار،علم دار

(c) حصہ دار، موج دار (d) وفادار، خدمت گار

سوال نمبر7- جملہ "جو سٹوڈنٹ ڈائری لکھنے کی عادت اپنا لیتے ہیں" کے ساتھ لکھنے کے لیے درج ذیل جملوں میں سے موزوں جملہ کا انتخاب کریں۔

(a)ان کا کام قدرے بہتر ہو جاتا ہے
(b)وہ ہمیشہ انعام کے مستحق قرار پاتے ہیں
(c)وہ بڑے معتبر اور لالچی بن جاتے ہیں
(d)ان کے قلم میں روانی اور تحریر میں پختگی آجاتی ہے

سوال نمبر8- درج ذیل سے "اسم صفت" والی لسٹ چُنیں۔

(a) خوبصورت لڑکی، مینار پاکستان
(b)ذہین لڑکا، بوڑھا شخص
(c) تیز دوڑ، موٹر سائیکل
(d)اونچی دکان، انار کلی بازار

سوال نمبر9- الفاظ کا مناسب استعمال ہے۔

(a) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد صرف کلمہ توحید پر ہے
(b) مسلمانوں کے قومیت کے بنیاد صرف کلمہ توحید پر ہے
(c) مسلمانوں کا قومیت کا بنیاد صرف کلمہ توحید پر ہے
(d) مسلمانوں میں قومیت کا بنیاد صرف کلمہ توحید پر ہے

سوال نمبر10- "دنیا کی مشکلوں سے تم کو پڑے گا پالا" اس مصرع میں "پالا پڑنا" سے مراد ہے۔

(a) سردی پڑنا　(b)فاقہ ہونا　(c)جاڑا ہونا　(d)واسطہ پڑنا

سوال نمبر11- سبق "قائداعظم اور اتحاد ملی" سے نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ قائداعظم

(a)علاقائیت اور فرقہ پرستی کے حامی تھے
(b)ذات پات، رنگ و نسل کے حق میں تھے
(c) پنجابی، سندھی، بلوچی، پٹھان کہلانا پسند کرتے تھے
(d)پاکستان کو اسلامی، فلاحی اور جمہوری ملک بنانا چاہتے تھے

سوال نمبر12- سبق "سکاؤٹنگ" کا مرکزی خیال ہے۔

(a) کسی قوم کے بچوں کی ذہنی، جسمانی اور اخلاقی تربیت کرنا تا کہ معاشرے کیلئے مفید شہری بن سکیں
(b) کسی قوم کے نوجوانوں کو صرف غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت کے مواقع فراہم کرنا
(c) کسی قوم کے ایسے نوجوان تیار کرنا جو قومیت کی بنیاد پر کام کرنا چاہیں گے
(d) کسی قوم کیلئے نوجوانوں کی ایک فوج تیار کرنا جو سرحدوں پر ہی لڑ سکیں

سوال نمبر13- فقرہ مکمل کریں۔

وہی ہے مالکِ کائنات اور کائنات میں موجود مخلوقات کا __________

(a)سربراہ　(b)ذمہ دار　(c)رازق　(d)سرپرست

سوال نمبر14- درج ذیل ناموں میں سے عرف والے نام کا انتخاب کریں۔

(a)الطاف حسین حالی　(b) قائداعظم محمد علی جناح　(c)منو بھائی　(d)مولانا غلام علی اوکاڑوی

سوال نمبر15- مرکب عطفی والی لسٹ ہے۔

(a)چاند اور سورج　(b) خلیل احمد خان　(c)دس گھوڑے　(d) سیالکوٹ تک

سوال نمبر16- درست اعراب والا لفظ ہے۔

(a)حِسَاب　(b)حَساب　(c)حِساب　(d)حُسَاب

سوال نمبر17- "فرش" کا متضاد ہے۔

(a) آسمان　(b)زمین　(c)عرش　(d)میدان

سوال نمبر18- ضرب المثل مکمل کریں۔

خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی ________ آپ کرتے ہیں۔

(a) کام　(b)رہنمائی　(c)مدد　(d) کمائی

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 19، 20، 21، 22 اور 23 کے جوابات دیں۔

وہ زمانہ ہی ایسا تھا انگریزوں کے ہاتھوں لگنے والے زخم مندمل نہیں ہوئے تھے عثمانی حکومت چھن جانے کے بعد مجبور و مقہور اسلامیانِ ہند احیائے حیات کے لئے ہاتھ پاؤں مار رہے تھے ایک طرف علمائے حق تھے جو دین میں پیش پیش تھے تو دوسری طرف دانش وروں کا وہ طبقہ تھا جو زمینی حقائق کی روشنی میں عوام کو جدوجہد کے لئے ابھار رہا تھا ندوۃ العلماء کے قیام کے وقت یو۔پی کے گورنر انٹنی میکڈانلڈ نے اس کی سخت مخالفت کی تھی۔شبلی نعمانی ندوہ سے منسلک ہوئے تو ندوہ ترقی کی منازل طے کرنے لگا۔انھیں دنوں کی بات ہے ندوۃ العلماء کی انتظامیہ نے طلبہ کی ہمت افزائی کے لئے ایک جلسے کا انعقاد کیا۔اس جلسے میں سلیمان نامی طالب علم نے اردو، فارسی اور عربی میں فصیح و بلیغ تقریر کر کے بڑا نام کمایا۔شبلی نعمانی اس شاگرد سے اس قدر متاثر ہوئے کہ اپنا عمامہ اس کے سر پر رکھ دیا۔سلیمان نامی یہ طالب علم ندوۃ العلماء کا روشن ستارہ سید سلیمان ندوی تھا۔

سوال نمبر 19- اِس وقت برصغیر پر حکومت کر رہے تھے۔

(a) انگریز (b) سکھ (c) مسلمان (d) ہندو

سوال نمبر 20- ''مجبور و مقہور'' گرامر کی رُو سے کیا ہے۔

(a) مرکب اضافی (b) مکب توصیفی (c) مرکب عطفی (d) مرکب عددی

سوال نمبر 21- کون سا جملہ درج بالا تحریر سے متعلق درست معلومات فراہم کر رہا ہے؟

(a) تحریکِ آزادی میں شرکت، قید و بند کی تکالیف اٹھانا
(b) جدید و قدیم علوم پر تقریر، فنِ تقریر سے ناواقف
(c) ندوۃ العلماء کی طرف سے جلسہ، سلیمان کی فصیح و بلیغ تقریر
(d) انگریزوں کا مسلمانوں کی حمایت کرنا، شبلی نعمانی کا شاگرد کو عمامہ دینا

سوال نمبر 22- شبلی نعمانی ''سلیمان'' کی کس چیز سے متاثر ہوئے؟

(a) تحریکِ پاکستان میں ان کی خدمات اور جذبہ
(b) ان کی بے باکی، روشن خیالی اور قربانی
(c) ندوۃ العلماء کی ترقی میں کردار اور طلبہ کی ہمت افزائی
(d) مختلف زبانوں میں تقریر

سوال نمبر 23- اس پیراگراف کا مناسب عنوان ہے۔

(a) آزادی کا متوالا (b) ایک عظیم دن (c) راجہ صاحب محمود آباد (d) روشن ستارا

سوال نمبر 24- درست جملے کی نشاندہی کریں۔

(a) کھیل سے جسم صحت مند اور دماغ بیمار ہوتا ہے
(b) کھیل میں ہمت، جرأت اور حوصلہ کام نہیں آتا
(c) کھیل میں چستی، پھرتی اور چالاکی کام آتی ہے
(d) کھیل میں چستی، پھرتی اور چالاکی کام نہیں آتی

سوال نمبر 25- نظم ''آلودگی'' کا مرکزی خیال ہے۔

(a) آلودگی کی تباہ کاریوں سے صرف انسان متاثر ہو رہے ہیں
(b) آلودگی کی تباہ کاریاں ہر شعبۂ زندگی کو متاثر کر رہی ہیں
(c) ہمارے ہر طرف صرف آلودگی، دھواں اور شور ہے
(d) آلودگی اور دھوئیں کی وجہ سے دوسروں کو پہچاننا مشکل ہو جاتا ہے

سوال نمبر 26- ''تم کو نہیں خبر کچھ اپنے بھلے کی'' اس مصرعہ کا مفہوم ہے۔

(a) تمھیں اپنے اچھے بُرے کی پہچان ہے
(b) تم اپنا اچھا بُرا نہیں جانتے
(c) تم اپنا اچھا بُرا جانتے ہو
(d) تمھیں اچھے بُرے کی پہچان ہونی چاہیے

سوال نمبر 27- ''زمرد'' کا مطلب ہے۔

(a) ایک قیمتی دھات (b) زرد رنگ کا پتھر (c) سبز رنگ کا پتھر (d) مرد کے پہننے کا پتھر

سوال نمبر 28- ''اعجاز نے خط لکھا تھا'' یہ جملہ فعل ماضی کی کون سی قسم سے ہے۔

(a) فعل ماضی بعید (b) فعل ماضی قریب (c) فعل ماضی استمراری (d) فعل ماضی شکیہ

☆ درج ذیل اشعار پڑھ کر نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات منتخب کریں۔

سب اسلام کے حکم بردار بندے　　سب اسلامیوں کے مددگار بندے
خدا اور نبیؐ کے وفادار بندے　　یتیموں کے، رانڈوں کے غم خوار بندے
رہِ کفر و باطل سے بیزار بندے　　نشہ میں مئے حق سے سرشار بندے

جہالت کی رسمیں مٹا دینے والے کہانت کی بنیاد ڈھا دینے والے
سر احکام دیں پہ جھکا دینے والے خدا کے لئے گھر لٹا دینے والے

سوال نمبر 29- اس نظم کا مناسب عنوان ہے۔

(a) اسلام کی عظمت (b) جیوے پاکستان (c) ماں کا خواب (d) مقدس امانت

سوال نمبر 30- ''جہالت کی رسمیں مٹا دینے والے کہانت کی بنیاد ڈھا دینے والے'' کا مطلب ہے۔

(a) بیٹیوں کو زندہ درگور اور قتل و غارت کی رسمیں مٹانے والے (b) جاہلانہ رسومات اور فال نکالنے جیسی رسموں کا خاتمہ کرنے والے
(c) چوری، دھوکا دہی اور جہالت کی رسموں کا خاتمہ کرنے والے (d) غلاموں یتیموں سے بُرا سلوک اور بیٹیوں کو زندہ درگور کرنے کی رسم کا خاتمہ

سوال نمبر 31- نظم میں ردیف الفاظ کا گروپ ہے۔

(a) بندے والے (b) بیزار، وفادار (c) غم خوار، مددگار (d) سرشار، غم خوار

سوال نمبر 32- پہلے شعر میں ایک مسلمان کی کس خصوصیت کا ذکر کیا گیا ہے؟

(a) اللہ نبی اور مسلمانوں کے وفادار (b) بے وفا اور کافروں سے لڑنے والے
(c) سرکش اور اللہ کے وفادار (d) یتیموں سے ہمدردی اور کفر سے بیزاری

سوال نمبر 33- دیئے گئے اشعار میں کس بات کا ذکر نمایاں نظر آتا ہے؟

(a) اسلام سے قبل عرب معاشرے کی عکاسی اور جہالت کی رسموں میں مبتلا ہونا (b) مسلمانوں کے زوال اور عرب کی معاشی و معاشرتی ابتر حالت
(c) اسلام کی عظمت اور مسلمانوں کا خدا کے احکام کی پابندی کرنا (d) کفار کی معاشی و معاشرتی بدحالی اور زوال کا ذکر

سوال نمبر 34- اس نظم میں قافیہ کی لسٹ ہے۔

(a) حکم بردار، مددگار، بیزار (b) مددگار، غم خوار، سرشار (c) جہالت، کہانت، بیزار (d) خدا اور نبی، وفادار، غم خوار

سوال نمبر 35- ''من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے'' کا مطلب ہے۔

(a) میرا دل ہمیشہ لی نغمے گاتا ہے اور ہر طرف سُر بکھرتا ہے (b) میرے دل سے وطن کی محبت کے گیت نکلتے ہیں
(c) دل ایک پرندے کے پر کی طرح ہے جو سُر بکھیرتا ہے (d) پرندے کے گیت پر جو پر ہلاتا اور سُر بکھیرتا ہے

سوال نمبر 36- سبق ''آزادی کا متوالا'' سے مولانا عبدالمجید سندھی کے متعلق ملنے والی معلومات پر مشتمل الفاظ کی فہرست ہے۔

(a) تحریک خلافت کے سرگرم رکن، بزرگان دین کی سرزمین، زراعت و تجارت میں مشہور
(b) ٹھٹھہ کے ہندو گھرانے میں پیدائش، تاج محمد بلوچ کی تبلیغ سے اسلام قبول کرنا، تحریک خلافت کے سرگرم رکن
(c) ٹھٹھہ کے ہندو گھرانے میں پیدائش، تحریک خلافت کے سرگرم رکن، بزرگانِ دین کی سرزمین
(d) تحریک خلافت کے سرگرم رکن، تاج محمد بلوچ کی تبلیغ سے اسلام قبول کرنا، زراعت و تجارت میں مشہور

سوال نمبر 37- غلط محاورہ ہے۔

(a) آفت کا پرکالا (b) بال بال بچنا (c) تین چھ کرنا (d) ٹکا سا جواب دینا

سوال نمبر 38- ''اسلم نے قلم سے خط لکھا'' یہ جملہ ہے۔

(a) جملہ اسمیہ (b) جملہ فعلیہ (c) فعل ناقص (d) مرکب اضافت

سوال نمبر 39- رموزِ اوقاف کی علامت ''سکتہ'' کا درست جملہ ہے۔

(a) پنجاب سندھ سرحد اور بلوچستان پاکستان کے صوبے ہیں (b) پنجاب سندھ سرحد اور بلوچستان پاکستان کے صوبے ہیں
(c) پنجاب، سندھ، سرحد اور بلوچستان پاکستان کے صوبے ہیں (d) پنجاب سندھ سرحد بلوچستان پاکستان کے صوبے ہیں

سوال نمبر 40- حروف استفہام کا جملہ ہے۔

(a) تم کب گھر آؤ گے (b) تم گھر آرہے ہو (c) تم گھر نہیں آرہے تھے (d) تم گھر آتے ہو